## جمعہ: یہ حضرت صاحب الزمان (عج) کا دن ہے اور اسی دن ہے آپ ظہور فرمائیں گے۔

## زیارت حضرت صاحب الزمان (عج)

اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ يَا حُجَّةَ اللهِ فِي أَرْضِهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ يَا عَيْنَ اللهِ فِي خَلْقِهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ

آپ پر سلام ہو جو خدا کی زمین میں اس کی حجت ہیں آپ پر سلام ہو جو خدا کی مخلوق میں اس کی آنکھ ہیں آپ پر

يَا نُورَ اللهِ الَّذِي يَهْتَدِي بِهِ الْمُهْتَدُونَ وَيُفَرَّجُ بِهِ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ أَيُّهَا الْمُهَذَّبُ

سلام ہو جو خدا کے وہ نور ہیں جس سے ہدایت چاہنے والے ہدایت پاتے ہیں اور جس سے مومنوں کو کشادگی ملتی ہے آپ پر سلام ہو

الْخَائِفُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ أَيُّهَا الْوَلِيُّ النَّاصِحُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ يَا سَفِينَةَ النَّجَاةِ، اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ

جو نیک طینت ڈرنے والے ہیں آپ پر سلام ہو اے خیر خواہ و سرپرست آپ پر سلام ہو اے کشتی

يَا عَيْنَ الْحَيَاةِ، اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ، صَلَّى اللهُ عَلَيْکَ وَعَلَى آلِ بَيْتِکَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

نجات آپ پر سلام ہو اے چشمہ حیات آپ پر سلام ہو خدا کی رحمت ہو آپؑ پر اورآپکے پاک

اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ عَجَّلَ اللهُ لَکَ مَا وَعَدَکَ مِنَ النَّصْرِ وَظُهُورِ

و پاکیزہ خاندانؑ پر آپ پر سلام ہو خدا اس امر کے ظہور او نصرت میں جس کا وعدہ اس نے آپ سے

الْأَمْرِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْکَ يَا مَوْلاَيَ أَنَا مَوْلاَکَ عَارِفٌ بِأُولاَکَ وَأُخْرَاکَ أَتَقَرَّبُ إِلَى اللهِ

کیا ہے آپؑ پر سلام ہو اے میرے سردار میں آپ کا غلام ہوں آپ کے آغاز و انجام سے واقف ہوں میں خدا کا قرب چاہتا

تَعَالَى بِکَ وَبِآلِ بَيْتِکَ وَأَنْتَظِرُ ظُهُورَکَ وَظُهُورَ الْحَقِّ عَلَى يَدَيْکَ وَأَسْأَلُ اللهَ أَنْ

ہوں آپ کا اور آپکے خاندان کے وسیلے کا انتظا کرتا ہوں آپکے ظہوراورآپکے ہاتھوں حق کے ظہور کا اور خدا سے سوال کرتا ہوں

يُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ يَجْعَلَنِي مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ لَکَ وَالتَّابِعِينَ وَالنَّاصِرِينَ

کہ وہ محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت فرمائے اور مجھے آپکے انتظار کرنے والوں اور پیروی کرنے والوں اور آپ کے دشمنوں کے

لَکَ عَلَى أَعْدَائِکَ وَالْمُسْتَشْهَدِينَ بَيْنَ يَدَيْکَ فِي جُمْلَةِ أَوْلِيَائِکَ يَا مَوْلاَيَ يَا صَاحِبَ

مقابل آپکے مددگاروں اور آپکے سامنے شہید ہونے والے آپکے دوستوں میں سے قرار دے۔ اے میرے آقا اے

urdu.duas.org

**الـزَّمَـانِ، صَـلَـواتُ اللهِ عَـلَيْکَ وَعَـلَـى آلِ بَيْتِکَ، هذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَهُوَ يَوْمُکَ الْمُتَوَقَّعُ**

صاحب زمانؑ آپ پر اور آپؑ کے اہل خاندانؑ پر خدا کی رحمتیں ہوں ۔ یہ جمعہ کا دن ہے جوآپؑ کا دن ہے جس میں

**فِيـهِ ظُهُـورُکَ، وَالْـفَـرَجُ فِيـهِ لِـلْـمُـؤْمِـنِينَ عَلَى يَدَيْکَ، وَقَتْلُ الْكافِرِينَ بِسَيْفِکَ، وَأَنَا يَا**

آپؑ کے ظہور اور آپؑ کے ذریعے مومنوں کی آسودگی کی توقع ہے اور آپ کی تلوار سے کافروں کے قتل کی امید ہے اور اے

**مَـوْلایَ، فِيــهِ ضَيْـفُکَ وَجَـارُکَ، وَأَنْـتَ يَـا مَـوْلایَ كَـرِيمٌ مِنْ أَوْلادِ الْكِـرَامِ، وَمَـأْمُورٌ**

میرے آقا میں آج کے دن آپ کی پناہ میں ہوں اور اے میرے آقا آپ کریم اور کریموں کی اولاد سے ہیں اور مہمان رکھنے اور

**بِـالـضِّيـافَةِ وَالْإِجَـارَةِ فَـأَضِـفْـنِي وَأَجِرْنِي صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْکَ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِکَ الطَّاهِرِينَ**

پناہ دینے پر مامور ہیں بس مجھے مہمان کیجیے اور پنا ہ دیجئے پر اور آپ کے پاک و پاکیز ہ اہل خاندان پرخدا تعالیٰ کی رحمتیں ہوں ۔

سید بن طاؤس کہتے ہیں میں اس زیارت کے بعداس شعر کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور امام زمانہؑ کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہوں

| | |
|---|---|
| **نزيلک حيث ماا تحهت ركابى** | **وضيـفـک حيـث كـنـت مـن البـلاد** |
| میری سواری مجھے جہاں بھی لے جائے میں آپ ہی کا مہمان ہوں | اور شہروں میں سے جس شہر میں رہوں وہاں بھی آپکا مہمان ہوں |